# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ فزکس)

کورس: طبیعات میں لیبارٹری تکنیکیں (252) سمسٹر: خزاں 2012ء

سطح: میٹرک

## بستہ برائے طلبہ

عزیز طلبہ: السلام علیکم۔

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو مندرجہ ذیل مواد ارسال کیا جارہا ہے۔

1- عمومی رہنمائے طلبہ

2- کورس کی کتاب

3- امتحانی مشق نمبر 1تا2

4- فارم برائے امتحانی مشق (2 سیٹ)

5- اوقات نامہ

(الف) مشقی کام

(ب) تعلیمی اجتماعات

نوٹ: مندرجہ بالا اشیاء میں سے اگر کوئی چیز آپ کے پیکٹ میں موجود نہ ہو تو اس کی اطلاع فوری طور پر شعبہ مراسلاتی خدمات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کو دیں تا کہ اس کمی کو پورا کیا جا سکے۔

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ فزکس)

### وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

**1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔**

**2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

## اہم پیغام

عزیز طلبہ!

طبیعیات میں لیبارٹری تکنیکیں (252) کی مشقیں حل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل باتوں کا خاص خیال رکھیں۔

1- پورا سبق پڑھ کر جوابات اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔

2- جوابات میں سرخیوں کا استعمال کریں اور ان کو سوالات کے عین مطابق لکھیں۔ غیر متعلقہ چیزیں لکھنے سے اجتناب کریں۔

3- جہاں ممکن ہو جوابات کی وضاحت اشکال بنا کر کریں اور روزمرہ زندگی سے مثالیں دیں۔

کورس رابطہ کار

کورس: طبیعیات میں لیبارٹری تکنیکیں (252)
سطح: میٹرک

سمسٹر: خزاں 2012ء
کل نمبر: 100
کامیابی کے نمبر: 40

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 3)

سوال نمبر 1- طبیعیات کیا ہے؟ مادہ اور توانائی کے حوالے سے طبیعیات کی تعریف کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- مندرجہ ذیل کی تعریف لکھیں۔ (4x5=20)

(1) میکانیات (2) حرارت اور تھرموڈائنامکس

(3) آواز (4) روشنی (5) نیوکلیئر فزکس

سوال نمبر 3- طبیعیات کی ہماری روزمرہ زندگی میں کردار کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- طبیعیات کے عمومی مقاصد کا تفصیلی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- طبیعیات لیبارٹری کی اہم خصوصیات بیان کریں نیز طبیعیات کی لیبارٹری سے فاضل مواد کے اخراج پر نوٹ لکھیں۔ (20)

*****

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 4تا6)

سوال نمبر 1- طبیعیات لیبارٹری کے لیے ضروریات کی فہرست تیاری کے رہنما اصول تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- طبیعیات کی لیبارٹری میں استعمال ہونے والے کوئی سے دس آلات کی تفصیل لکھیں۔ (10x2=20)

سوال نمبر 3- مندرجہ ذیل کی وضاحت کریں۔ (4x5=20)

(1) طبعی ترازو (2) سٹاپ واچ

(3) تھرمامیٹر (4) درجہ دار سلنڈر

سوال نمبر 4- طبیعیات کی لیبارٹری میں بجلی کے خطرات سے کیسے بچا جا سکتا ہے؟ نیز آگ سے بچنے کے لیے کیا طریقہ اختیار کیا جا سکتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 5- طبیعیات کی لیبارٹری میں ابتدائی طبی امداد کیسے دی جاتی ہے؟ نیز بتائیں کہ طبی امداد کے بکس میں کن کن چیزوں کا ہونا ضروری ہے؟ (20)

[=====]